فوری ریلیز کے لیے: 2023/2/14 **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL کی جانب سے ہومر گاؤں کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے وسطی نیو یارک کے چھٹے مرحلے کے $10 ملین کا فاتح قرار دیے جانے کا اعلان**

***ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں***

***ہومر کے ڈاون ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے ریاست، رہائشیوں، کمیونٹی کے لیڈروں اور عوامی عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ہومر گاؤں کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام ( Downtown Revitalization Initiative, DRI) کے چھٹے مرحلے کے وسطی نیو یارک کے فاتح کی حیثیت سے $10 ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ DRI کے مرحلہ 6 کے لیے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو $10 ملین کی رقم عطا کی جا رہی ہے، جو فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں مجموعی طور پر $100 ملین کی ریاستی ذمہ داری ہو گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو متحرک مضافاتی علاقوں میں تبدیل کر کے کمیونٹیز کو اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "ہمارے ڈاؤن ٹاؤن ہماری مقامی معیشتوں میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں، اور ہم ریاست نیو یارک میں ان کی بحالی کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں۔ ہومر گاؤں میں یہ $10 ملین کی سرمایہ کاری آنے والی نسلوں کے لیے علاقے کو ترقی دینے اور وسطی نیو یارک کے معاش اور علاقائی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرے گی"۔

DRI ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کو سرگرمی کے ایسے متحرک مراکز میں تبدیل کر دیا جائے جو اعلیٰ معیارِ زندگی کی بنیاد ہوں اور کاروباروں، ملازمتوں اور معاشی و رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتے ہوں۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو تبدیلی کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد، ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب کردہ منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت نظر آئے گی۔

**ہومر**

ہومر مخصوص طور پر ایک امریکانا ہے، جس میں ایک وسیع مین سٹریٹ ہے جو شاندار درختوں اور تاریخی حویلیوں سے لیس ہے جو ایک تاریخی گاؤں گرین کو جاتا ہوا راستہ ہے۔ ہومر کا فنون کا مرکز ایک علاقائی پیشکاری فنون کی منزل بن چکا ہے، عمارتوں کو منفرد رہائشی یونٹوں کے ساتھ دوبارہ تیار کیا گیا ہے اور نجی ڈویلپرز کی نئی سرمایہ کاری تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ ہومر گاؤں نے گاؤں کے ایک خوب طے شدہ، چلنے کے قابل 270 ایکڑ حصے کو اپنے DRI سرمایہ کاری کے علاقے کے طور پر شناخت کیا ہے۔ اس علاقے میں اولڈ ہومر نیشنل

رجسٹر ہسٹورک ڈسٹرکٹ اور زون شدہ سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ دونوں شامل ہیں، بشمول ویلیج گرین، اور رہائشی، تجارتی، شہری اور مذہبی ڈھانچے کا مرکب۔ یہ علاقہ گاؤں کا مرکز ہے، اس میں ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کو جانے والے بنیادی گیٹ وے شامل ہیں اور سرمایہ کاری کی زبردست صلاحیت فراہم کرتے ہیں۔

ہومر اپنی تاریخی عمارتوں، ثقافتی پُرکشش مقامات اور ریور فرنٹ سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ 21 ویں صدی کے لیے ایک مرکز بنایا جا سکے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے، گاؤں نے اپنے مکینوں، غیر منفعتی تنظیموں اور ترقیاتی برادری کو مستقبل کے لیے ایک نصب العین قائم کرنے کے لیے مشغول کیا ہے جو واٹر فرنٹ کو دوبارہ فعال کرے گا، تاریخی عمارتوں کو بحال کرے گا، گاؤں کے ثقافتی اثاثوں کو وسعت دے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا، پائیداری میں اضافہ کرے گا، عوامی مقامات کو نئی شکل میں ڈھالے گا اور نئے رہائشیوں کو اپنی طرف راغط کرے گا جو مرکزی نیو یارک کے اس جوہر کو اپنا گھر کہیں۔

وسطی نیو یارک کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے کی کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور ہومر کو نامزد کرنے سے قبل درج ذیل تمام معیارات پر غور کیا:

- ڈاؤن ٹاؤن پختہ جگہ ہے جس کی سرحدیں بخوبی متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن سابقہ سرمایہ کاریوں سے استفادہ کر سکتا ہے یا مستقبل کی نجی اور عوامی سرمایہ کاریوں کو راغب کر سکتا ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کو فراغ دے سکتا ہے، جس سے کارکنان راغب ہوں گے، تعمیرِ نو کی معاونت ہو گی، اور ترقی کے عمل میں پائیداری اور استحکام آئے گا؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع کمیونٹیز کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو اسے مزید قابل رہائش بھی بنا سکیں اور معیار زندگی بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں؛
- اس میونسپلٹی نے ایک کھلے ذہن والی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک تصور بنا اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
- اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریاں کے ذریعے قریب مدت والے منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

ہومر کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 10$ ملین سے نوازا گیا ہے تاکہ اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے مضافاتی علاقوں میں زندگی کی رونقیں بحال کی جا سکیں اور مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ ہومر اوسویگو، کورٹلینڈ، اوبرن، فلٹن، اونیڈا اور سیراکیوز کے شہروں میں شامل ہو گیا ہے، جو کہ پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں وسطی نیو یارک کے فاتح تھے۔

ہومر 10$ ملین کی DRI گرانٹ سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ساتھ اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے سٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے لئے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ہومر گاؤں وسطی نیو یارک کا ایک ایسا زیور ہے جس میں تاریخی عمارتیں، ثقافتی پُرکشش مقامات اور قدرتی مناظر ہیں۔ یہ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی فنڈنگ ہومر کو اپنے واٹر فرنٹ کو دوبارہ فعال کرنے اور 21ویں صدی کے لیے ایک ایسا ڈاؤن ٹاؤن بنانے کے قابل بنائے گی، جو اس تاریخی گاؤں کو پورے خطے اور ریاست سے آنے والوں کے لیے ایک مثالی منزل بنائے گا"۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ہومر کا ہدف شدہ، آگے کی سوچ رکھنے والا منصوبہ اپنے دلکش گاؤں کے تاریخی ماضی اور اس کے امید افزا مستقبل سے بھرپور استفادہ کرتا ہے۔ یہ DRI فنڈنگ علاقے کے جرات مندانہ نصب العین کو مزید بڑھانے میں مدد کرے گی، جو خوبصورت واٹر فرنٹ کے ساتھ ساتھ سوچی سمجھی اقتصادی ترقی کی کوششوں کو آگے بڑھائے گا اور آنے والے برسوں تک مہمانوں کو ہومر کی طرف راغب کرے گا"۔

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام نے ریاست بھر کی کمیونٹیز پر نیو یارک کے باشندوں اور کاروباروں کو ہمارے ڈاؤن ٹاؤنز میں واپس لا کر، ملازمتیں پیدا کرنے، سستی رہائش کے مواقع کو وسیع کرنے، اور زیادہ مساوی محلوں کی تعمیر کے ذریعے ایک تبدیلی کا اثر ڈالا ہے۔ ہومر کو اس کامیابی کے لیے مبارکباد جو گاؤں کے تاریخی مرکز اور دریا کے کنارے کو بحال کرے گا اور موجودہ اور مستقبل کے رہائشیوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنائے گا"۔

**سینٹرل نیو یارک ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کونسل کی شریک چیئرز Randy Wolken، سینٹرل نیو یارک کی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کی صدر اور سی ای او اور لی موئن کالج کی صدر ڈاکٹر Linda M. LeMura نے کہا،** "ہمیں یہ دیکھ کر ناقابلِ یقین حد تک خوشی ہوئی کہ ہومر گاؤں کا نام وسطی نیو یارک کے علاقے کے لیے تازہ ترین DRI وصول کنندہ کے طور پر رکھا گیا ہے۔ یہ خوبصورت علاقہ اپنے مرکزِ نگاہ، اسٹریٹجک منصوبے پر کام کرنے کے لیے تیار ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ سرمایہ کاری حاصل کی جائے اور گاؤں کے تاریخی کاروباری ڈسٹرکٹ کے قلب اور روح میں دوبارہ توانائی بھر دی جائے۔"

**رکنِ اسمبلی Jeff Gallahan نے کہا،** "ہومر ڈاؤن ٹاؤن حیائے نو کے اقدام اور 10$ ملین کی فنڈنگ کا بہت مستحق ہے۔ نیو یارک کے شمالی حصے کے مستقبل میں یہ ایک دلچسپ سرمایہ کاری ہے۔ یہ فنڈز بنیادی ڈھانچے میں اہم بہتری کی کفالت کریں گے جو ملازمت پیدا کرنے والے کاروباروں کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے بہت ضروری ہیں۔ مل کر کام کرتے ہوئے، ہم اپنی ریاست کو بہتر بنانے اور اپنی مقامی برادریوں کے لیے اہم مدد فراہم کرنا جاری رکھ سکتے ہیں"۔

**ہومر گاؤں کے میئر Hal McCabe نے کہا،** "ہومر گاؤں کی جانب سے، میں یہ اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ ہم وسطی نیو یارک کے لیے ڈاون ٹاؤن احیائے نو کے اقدام سے ہومر کو نوازنے کے فیصلے کو کتنا سراہتے ہیں۔ یہ فنڈنگ یقینی بنائے گی کہ ہمارا خوبصورت، دوستانہ، تاریخی گاؤں خوشحال اور آنے والی نسلوں کے لیے قابل رسائی رہے۔ ان پیسوں کی بدولت خطے کی کچھ اہم ترین تاریخی عمارتیں محفوظ رہیں گی اور ساتھ ہی ہمارے موجودہ مکینوں کے لیے کاروبار اور اقتصادی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ جبکہ ہم مائیکرون کی آمد کے لیے ایک خطے کے طور پر تیاری کر رہے ہیں، DRI مقامی منصوبوں میں بھی مدد کرے گا جو ہومر کو ان اہم علاقوں میں سے ایک کے طور پر جگہ دیں گے جو متوقع نئے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو گھر بلائیں گے۔ میں اس اعزاز کے لیے گورنر Hochul اور سیکریٹری آف سٹیٹ Rodriguez کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے۔"

ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے

استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں 600$ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو بحالی کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، زیادہ سے زیادہ اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور اہم محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے 10$ ملین دیے جاتے ہیں جو بحالی اور احیائے نو کے لئے کمیونٹی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418